Alberta

بیان

انسانی اسمگلنگ کے خلاف منائے جانے والا دن: مشترکہ بیان

30 جولائی، 2023 میڈیا سے پوچھ گچھ

عوامی تحفظ اور ہنگامی صورتحال کی خدمات کے وزیر مائک ایلیس (Minister of Public Safety and Emergency Services Mike Ellis) ، بچوں اور خاندانوں کی خدمات کے وزیر سرل ٹرٹن (Minister of Children and Family Services Searle Turton) فن، ثقافت اور خواطین کی حیثیت کی وزیر ٹانیا فر (Minister of Arts, Culture and Status of Women Tanya Fir) اور روزگار، معیشت اور تجارت کے وزیر میٹ جونس (Minister of Jobs, Economy and Trade Matt Jones) نے انسانی اسمگلنگ کے عالمی دن پر درج ذیل بیانات جاری کیے ہیں

" یہاں البرٹا میں بھی، انسانی اسمگلنگ ایک حقیقی مسئلہ ہے، اور ہماری حکومت اسے منظر عام پر لانے کے لیےکمیونٹی کے پارٹنرز کے ساتھ مل کر بہت محنت کر رہی ہے۔ انسانی اسمگلنگ کو ناکارہ کرنے اور روکنے کے بہترین طریقوں میں سے ایک طریقہ یہ ہے کہ اس کے بارے میں آگاہی پیدا کریں۔ محظ چند ہی دنوں پہلے ہماری حکومت نے ایک نیا البرٹا آفس ٹو کومبیٹ ٹریفیکنگ ان پرسنس (Alberta Office to Combat Trafficking in Persons) کا اعلان کیا تھا، جو کہ زندہ بچ نکلنے والوں، شکار شدہ لوگوں، اور ان لوگوں کے لیے وسائل کا مرکز ہو گا، جو لوگ انسانی اسمگلنگ کے بارے میں مزید جاننا چاہتے ہیں۔ ہم ان ناقابل تصور جرائم کو روکنے کے لیے اور ہر فرد کی آزادی کو بحال کرنے کی ہر ممکن کوشش کریں گے ، جس آزاادی کے وہ مستحق ہیں ۔ اکٹھے مل کر البرٹنز یہ لڑائی جیتیں گے۔"

مائک ایلیس عوامی تحفظ اور ہنگامی صورتحال کی خدمات کے وزیر
(Mike Ellis, Minister of Public Safety and Emergency Services)

"انسانی اسمگلنگ اور دیگر قسم کے استحصال زیادہ تر کمزور البرٹنز, بشمول بچوں اور نوعمروں کو نشانہ بناتے ہیں ۔ یہ شکار افراد سے ان کا وقار چھین لیتا ہے اور زندہ بچ نکلنے والوں پر اور ان کے خاندانوں پر تباہ کن اثرات ڈالتا ہے۔ ان بچ نکلنے والون کی حفاظت کے لیے اور انہیں طاقت سے نوازنے کے لیے، ان کی ضرورت کے مطابق مدد تک ان کی رسائی کے لیے اور آئندہ کے استحصال کو روکنے کے لیے، اس کی وجوہات کی جڑوں سے نمٹنے کے لیے ہم پر عزم ہیں۔ تمام البرٹنز،

خصوصاً ہمارے سب سے چھوٹے شہریوں کو محفوظ ہونے کا حق حاصل ہے۔ خطرے کی علامات کو سیکھنا اور ایک دوسرے کی حفاظت کی خاطرہمیں اپنی رائے کا اظہار کرنا ہمارے اپنے اوپر منحصر ہے۔"

سرل ٹرٹن، بچوں اور خاندانوں کی خدمات کا وزیر
(Searle Turton, Minister of Children and Family Services)

"انسانی اسمگلنگ کے واقعات البرٹا میں کافی عام ہیں اور اکثر یہ ہماری نظروں کے سامنے ہی ہوتے ہیں۔ حالانکہ انسانی اسمگلنگ کا نشانہ کوئی بھی ہو سکتا ہے، لیکن عورتیں، بچیاں اور 2SLGBTQIA+ افراد کو زیادہ خطرہ ہے۔ ہماری حکومت کے انسانی اسمگلنگ کو ختم کرنے کے مقصد کو حاصل کرنے کے لیے، میں ایک دس سالہ حکمت عملی منصوبے پر کام کروں گی، جو کہ صنف پر مبنی تشدد کے خاتمے میں مدد کے لیے منصوبہ بندی (روڈ میپ تیار) کرے گا، اور اس کے ذریعے ہمارے صوبے میں انسانی اسمگلنگ کے خاتمے میں مدد ملے گی۔"

ٹانیا فر فن، ثقافت اور خواطین کی حیثیت کی وزیر
(Tanya Fir, Minister of Arts, Culture and Status of Women)

"مزدوروں کی اسمگلنگ انسانی اسمگلنگ کی ایک عام قسم ہے اور عارضی غیر ملکی کارکنوں کے ساتھ بدسلوکی اور استحصال کا باعث بن سکتا ہے۔ البرٹا کے روزگار کی جگہ کے قوانین کے تحت غیر ملکی کارکنان کو وہی حقوق اور تحفظات حاصل ہیں جو کسی دوسرے کارکنان کو حاصل ہیں ۔ کارکنان کو اپنے حقوق بہتر طور پر سمجھنے اور کام کی جگہ پر نا انصافی، غیر تحفظ یا غیر صحتمند حالات کا سامنا ہونے کی صورت میں مدد حاصل کرنے کی لیے البرٹا کی حکومت ایک عارضی غیر ملکی کارکن کے لیے مشاورتی آفس (Temporary Foreign Worker Advisory Office) برقرار رکھتی ہے۔ جہاں مزدوروں کی اسمگلنگ کے ممکنہ واقعات سمیت بد سلوکی کے الزامات ہوں، یہ آفس، با اختیارحکام کو حوالے بھیج سکتا ہے ۔"

میٹ جونس روزگار، معیشت اور تجارت کے وزیر
(Matt Jones, Minister of Jobs, Economy and Trade)

میڈیا سے پوچھ گچھ

مائکل کواس (Michael Kwas)

780-818-2389
پریس سیکریٹری، پبلک سیفٹی اینڈ ایمرجنسی سروسز(Press Secretary, Public Safety and Emergency Services)

چینینیئے انوکوورو (Chinenye Anokwuru)

780-720-1915
پریس سیکریٹری، چلڈرن اینڈ فیملی سروسز(Press Secretary, Children and Family Services)

گیرٹ کوہلر (Garrett Koehler)

780-554-5777
پریس سیکریٹری، آرٹس، کلچر اینڈ اسٹیٹس آف ویمن(Press Secretary, Arts, Culture and Status of Women)

اینڈریا فارمر (Andrea Farmer)

780-405-0775
پریس سیکریٹری، جابس، اکونومی اینڈ ٹریڈ (Press Secretary, Jobs, Economy and Trade)